17-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	علم الوقف	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشھادۃ التجوید و القراءۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ______________________________

نام طالبعلم: ____

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "المدخل الی علم الوقف و الابتداء" اس فن کی کتاب ہے:

(الف) علم رسم الخط (ب) علم الوقف (ج) علم القراءات (د) علم التجوید

2۔ امام ابن مجاہد کے مطابق اوقاف کی معرفت کے لیے اتنے علوم جاننا ضروری ہے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

3۔ "ترتیل سے مراد حروف کی عمدہ ادائیگی اور وقوف کی معرفت ہے" یہ قول ہے:

(الف) سیدنا ابو بکر صدیق کا (ب) سیدنا عمر فاروق کا (ج) سیدنا عثمان غنی کا (د) سیدنا علی المرتضیٰ کا

4۔ امام ابن کثیر مکی قرآن مجید میں اتنے مقامات پر وقف کرنے کا خصوصی اہتمام کرتے تھے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

5۔ وقف کا لغوی معنیٰ ہے:

(الف) رکنا (ب) جانا (ج) پڑھنا (د) لکھنا

6۔ علامہ ابن الجزری نے علم الوقف حاصل کرنے کو قرار دیا ہے:

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

7۔ علم وقف کے واضعین کی قسمیں ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

8۔ علم وقف پر سب سے پہلے کتاب لکھی ہے:

(الف) امام شیبہ بن نصاح مدنی نے (ب) امام ابن الجزری نے (ج) قاری محمد ابراہیم میر محمدی نے (د) قاری محمد مصطفیٰ راسخ نے

9۔ کیفیت وقف کی صورتیں ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

ورق الٹیے

10۔ دوران تلاوت ٹھہرنے کی صورت صرف انقطاع صوت ہو تو کہلاتا ہے:

(الف) سکتہ (ب) وقف (ج) سکوت (د) قطع

11۔ موقوف علیہ متحرک کو بغیر کسی حرکت یا اشارہ حرکت کے ساکن کر کے پڑھنا کہلاتا ہے:

(الف) وقف بالاسکان (ب) وقف بالروم (ج) وقف بالاشمام (د) وقف بالسکون

12۔ محل وقف کی صورتیں ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

13۔ موقوف علیہ حرف پہلے ہی سے ساکن ہو تو کہلاتا ہے:

(الف) وقف بالاسکان (ب) وقف بالسکون (ج) وقف بالروم (د) وقف بالاشمام

14۔ "یعلمون اور تعلمون" وقف کی مثال ہیں:

(الف) موافق رسم موافق وصلی کی (ب) موافق رسم مخالف وصل کی (ج) موافق وصل مخلف رسم بالحذف کی (د) موافق وصل مخالف رسم بالاثبات کی

15۔ موقوف علیہ حرف پر ادغام، اخفاء یا اقلاب ہو رہا ہو تو کہلاتا ہے:

(الف) وقف بالتشدید (ب) وقف بالاظہار (ج) وقف بالاثبات (د) وقف بالسکون

16۔ کیفیت وقف بہ لحاظ وصل کی صورتیں ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

17۔ وقف تام کے مراتب ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

18۔ ایسے کلمہ پر وقف کرنا جس کا مابعد سے معنوی تعلق تو ہو مگر لفظی تعلق نہ ہو تو کہلاتا ہے:

(الف) وقف تام (ب) وقف حسن (ج) وقف کافی (د) وقف قبیح

19۔ علامہ سجاوندی نے علامات اوقاف مقرر کیں:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

20۔ ایسے کلمہ پر وقف کرنا جس کا مابعد سے لفظی و معنوی تعلق ہو تو کہلاتا ہے:

(الف) وقف حسن (ب) وقف تام (ج) وقف قبیح (د) وقف کافی

17-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	علم الوقف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشھادۃ التجوید و القراءۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ علم وقف کا موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں۔
2۔ علم وقف کا استمداد کیا ہے؟ تحریر کریں۔
3۔ علم وقف کی معرفت کا کیا فائدہ ہے؟ تحریر کریں۔
4۔ عموم بلویٰ کا معنیٰ ومفہوم بیان کریں۔
5۔ سیدنا علی المرتضٰی نے ترتیل کے کیا معانی بیان کیے ہیں؟ تحریر کریں۔
6۔ نبی کریم ﷺ نے خطیب کو (بِئْسَ الْخَطِيْبُ أَنْتَ) کیوں فرمایا؟ وجہ تحریر کریں۔
7۔ کیفیت وقف بہ لحاظ ادا کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔
8۔ وقف بالابدال کی تعریف کریں۔
9۔ وقف میں اصل کیا ہے؟ اور کیوں؟
10۔ زبر اور زیر پر وقف بالاشمام کرنا جائز ہے یا ناجائز مع وجہ تحریر کریں۔
11۔ وقف وابتداء کی اہمیت پر کوئی ایک حدیث پاک تحریر کریں۔
12۔ علم وقف کے مسائل کن اصول پر مبنی ہیں؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ وقف بالتشدید کی تعریف کریں۔
2۔ وقف بالاثبات کی اقسام کے نام تحریر کریں۔
3۔ وقف بالسکون اور وقف بالاسکان میں فرق تحریر کریں۔
4۔ وقف موافق وصل مخالف رسم بالحذف کی مثال تحریر کریں۔
5۔ کیفیت وقف بہ لحاظ رسم کی کتنی اور کون کونسی صورتیں ہیں؟ تحریر کریں۔
6۔ وقف علی الوصل کی تعریف مع مثال لکھیں۔
7۔ لفظ "فِرْقٍ" کی راء کو وقف کی حالت میں کیسے پڑھنا اولیٰ ہے؟
8۔ وقف تام کی تعریف مع مثال لکھیں۔
9۔ وقف تام کی دلیل میں حدیث پاک تحریر کریں۔
10۔ وقف قبیح کی تعریف اور حکم لکھیں۔
11۔ کیا مواقع سکتہ میں وقف کرنا جائز ہے؟ تحریر کریں۔
12۔ حروف مقطعات کے درمیان میں وقف کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. ائمہ فن کے اقوال کی روشنی میں علم وقف وابتداء کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔
ii. علم وقف کی لغوی واصطلاحی تعریف لکھتے ہوئے علم وقف کا حکم وفائدہ تحریر کریں۔
iii. مندرجہ ذیل کی تعریفات لکھیں:

1۔ وقف بالاسکان　2۔ وقف بالابدال　3۔ وقف بالسکون
4۔ وقف بالروم　5۔ وقف بالاشمام

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. قاری کے احوال اور ضرورت کے اعتبار سے وقف کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف قلم بند کریں۔
ii. علماء متاخرین کی مقرر کردہ علامات اوقاف پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔
iii. اوقاف کی معرفت کے لیے کون کونسے علوم جاننا ضروری ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔